روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
پیر 12/اپریل 2010ء 26 ربیع الثانی 1431 ہجری 12 شہادت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 79

جہازوں کی پیشگوئی

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

سورۃ الذاریات کے آغاز میں فرمایا: ’’قسم ہے بیج بکھیرنے والیوں کی ......‘‘ اب ظاہری طور پر لفظاً لفظاً بھی یہ پیشگوئی پوری ہو چکی ہے کیونکہ واقعی آجکل ہوائی جہازوں اور ہیلی کاپٹروں کے ذریعہ بیج بکھیرے جاتے ہیں اور بہت بڑے بڑے بوجھ اٹھا کر جہاز اُڑتے ہیں اور باوجود ان بوجھوں کے سبک رو ہوتے ہیں اور اہم اطلاعات ان جہازوں کے ذریعہ مختلف غالب قوموں کو بھی پہنچائی جاتی ہیں اور مغلوب اور مقہور قوموں کو بھی۔

اس کے بعد یہ واضح کر دیا گیا کہ یہ بیج بکھیرنے والیاں اور بوجھ اٹھانے والیاں کوئی زمین پر بوجھ اٹھا کر چلنے والی چیزیں نہیں ہیں بلکہ آسمان پر اُڑنے والے وجود ہیں۔ چنانچہ اس آسمان کو گواہ ٹھہرایا گیا جو فضائی رستوں والا آسمان ہے۔ چنانچہ آج نظر اٹھا کر دیکھیں تو ہر جگہ جہازوں کے رستوں کے نشان ملتے ہیں۔ پس ان سب امور کا نتیجہ یہ نکالا گیا کہ تم آخرت کا انکار کر کے شدید گمراہی میں مبتلا ہو چکے ہو۔

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ کس قدر عظیم الشان نشان ہے کہ جیسا کہ خدائے قادر نے دو گذشتہ بہاروں کے متعلق دو زلزلوں کی خبر دی تھی یعنی ۱۹۰۵ء۔ اور ۱۹۰۶ء میں۔ ایسا ہی تیسری مرتبہ پھر بہار کے متعلق یہ خبر دی کہ بہار کے موسم آئندہ میں جو ۱۹۰۷ء میں آئے گا سخت بارشیں ہوں گی اور سردی بہت پڑے گی اور برف پڑے گی سو ایسا ہی ظہور میں آ گیا اور بڑی شان وشوکت سے یہ پیشین گوئی پوری ہوگئی۔......

اس پیشگوئی کے ساتھ ایک اور پیشگوئی تھی جو رسالہ ریویو آف ریلیجنز اور بدر، الحکم میں اُنہیں دنوں میں چھپ چکی اور شائع ہو چکی تھی اور وہ یہ ہے:۔

دیکھ میں تیرے لئے آسمان سے برساؤں گا اور زمین سے نکالوں گا۔ صحن میں ندیاں چلیں گی پر وہ جو تیرے مخالف ہیں پکڑے جائیں گے۔............ آسمان ٹوٹ پڑا۔ یہ تمام پیشگوئیاں بارش کے متعلق ہیں اور ساتھ اس کے یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ وہ کثرتِ بارش دشمنوں کے لئے مضر ہوگی۔ شاید اس کا یہ مطلب ہے کہ کثرتِ بارش طاعون اور طرح طرح کے امراض کو پیدا کرے گی۔ اور بعض زراعتوں کا بھی نقصان ہوگا اور پھر عربی الہام کے یہ معنی ہیں کہ ان نشانوں کے ظہور کے بعد نئے سرے لوگوں کا رجوع ہوگا ہر ایک راہ سے وہ آئیں گے یہاں تک کہ راہ گہرے ہو جائیں گے اور بہت سے تحائف اور نقد اور جنس دور دور سے لوگ بھیجیں گے اور دشمنوں پر رعب عظیم پڑے گا۔ اُس وقت چغل خوروں اور عیب گیروں پر لعنت برسے گی اور میں تجھے ایک عجیب عزت دوں گا۔ اتنی بارشیں ہوں گی کہ گویا آسمان ٹوٹ پڑے گا۔

﴿ حقیقۃ الوحی- روحانی خزائن جلد 22 ص 479 ﴾

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ’’امداد طلبہ‘‘ کے نام سے قائم ہے۔ یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری 8 ہزار سے 10 ہزار روپے تک سالانہ
2۔ کالج لیول 24 ہزار سے 36 ہزار روپے تک سالانہ
3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ سے 3 لاکھ روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کے لئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ’’امداد طلبہ‘‘ میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

﴿ نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم ﴾

مشعل راہ

شیطان سے بچنے کے لئے پنجوقتہ نمازیں پڑھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 12 دسمبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) تم شیطان کے پیچھے نہ چلو کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

حضرت مصلح موعود تحریر فرماتے ہیں:۔ ’’اس آیت میں خُطُوَاتِ کا لفظ اس حقیقت کی طرف اشارہ کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے کہ شیطان ہمیشہ قدم بقدم انسان کو گمراہی کی طرف لے جاتا ہے۔ وہ کبھی یکدم کسی انسان کو بڑے گناہ کی تحریک نہیں کرتا بلکہ اسے بدی کی طرف صرف ایک قدم اٹھانے کی ترغیب دیتا ہے۔ اور جب وہ ایک قدم اٹھا لیتا ہے تو پھر دوسرا قدم اٹھانے کی تحریک کرتا ہے۔ اس طرح آہستہ آہستہ اور قدم بقدم اسے بڑے گناہوں میں ملوث کر دیتا ہے۔ پس فرماتا ہے ہم تمہیں نصیحت کرتے ہیں کہ تمہارا صرف چند احکام پر عمل کر کے خوش ہو جانا اور باقی احکام کو نظر انداز کر کے سمجھ لینا کہ تم پکے (۔) ہو ایک شیطانی وسوسہ ہے۔ اگر تم اسی طرح احکام الٰہیہ کو نظر انداز کرتے رہے تو رفتہ رفتہ جن احکام پر تمہارا اب عمل ہے ان احکام پر بھی تمہارا عمل جاتا رہے گا۔ پس اپنے اعمال کا جائزہ لیتے رہو۔ اور شیطانی وساوس سے ہمیشہ بچنے کی کوشش کرو۔‘‘

(تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 457)

پھر آپ اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ: **’’اے مومنو! تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو۔ اس لئے کہ جو شخص شیطان کے قدموں کے پیچھے چلے گا وہ بدی اور بدکاری میں مبتلا ہو جائے گا۔ کیونکہ شیطان فحشاء اور منکر کا حکم دیتا ہے۔** اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ ہر برائی جو دنیا میں پھیلتی ہے اس کی ابتداء بھیانک نہیں ہوتی۔ شیطان کا یہ طریق نہیں کہ کوئی خطرناک بات کرنے کے لئے ابتداء میں ہی انسان کو تحریک کرے۔ کیونکہ انسان کی فطرت میں حیاء و شرم کا مادہ رکھا گیا ہے اس لئے جس کام کو انسان صریح طور پر برا سمجھے اس کو فوری طور پر کرنے کے لئے وہ تیار نہیں ہوتا۔ مثلاً شیطان اگر کسی کو سیدھا ہلاکت کی طرف لے جانا چاہے تو وہ نہیں جائے گا، ہاں چکر دے کر لے جائے تو چلا جائے گا۔ پس شیطان پہلے ہی کسی بڑی بدی کی تحریک نہیں کرتا بلکہ پہلے چھوٹی برائی کی جو بظاہر برائی نہ معلوم ہوتی ہو تحریک کرتا ہے۔ پھر اس سے آگے چلاتا ہے، پھر اس سے آگے، حتی کہ خطرناک برائی تک لے جاتا ہے۔ گویا شیطان پہلے ہی گڑھے کے سرے پر لے جا کر انسان کو نہیں کہتا کہ اس میں کود پڑو بلکہ پہلے گھر سے دور لے جاتا ہے۔ (اس کی مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں) جس طرح ڈاکو گھر کے پاس حملہ نہیں کرتے یا جو لوگ بچوں کو قتل کرتے ہیں وہ گھر کے پاس نہیں کرتے بلکہ ان کو دھوکہ اور فریب سے دور لے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں آؤ تمہیں مٹھائی کھلائیں اور جب شہر یا گاؤں سے باہر لے جاتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ اب کوئی دیکھنے والا نہیں تو گلا گھونٹ کر مار دیتے ہیں۔ (یہاں بھی ایسے کئی واقعات ہوتے ہیں آپ پڑھتے ہیں اخباروں میں) یہی طریق شیطان کا ہوتا ہے۔ وہ پہلے انسان کو اس قلعہ سے نکالتا ہے جہاں خدا نے انسان کو محفوظ کیا ہوا ہوتا ہے۔ یعنی فطرت صحیحہ کے قلعہ سے۔ انسان اس سے باہر چلا جاتا ہے اور وہ سمجھتا ہے کہ کوئی حرج نہیں مگر ہوتے ہوتے وہ اتنا دور چلا جاتا ہے کہ پھر اس کا واپس لوٹنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اور شیطان کے پنجے میں گرفتار ہو کر تباہ ہو جاتا ہے۔ جھوٹے الزامات کے ذکر کے ساتھ یہ نصیحت فرما کر اس طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ تم یہ نہ کہنا کہ یہ معمولی بات ہے کیا ہوا اگر کسی پر ہم نے زنا کا الزام لگا دیا۔ یا یہ کہ ہم نے تو نہیں لگایا کسی نے ہمیں بات سنائی اور ہم نے آگے سنا دی۔ شیطان کا یہی طریق ہے۔ وہ پہلے اپنے پیچھے چلاتا اور آہستہ آہستہ روحانیت اور شریعت کے قلعہ سے دور لے جاتا ہے اور جب انسان دور چلا جاتا ہے تو اس کو مار ڈالتا ہے۔ پس شیطان پہلے تو یہی کرے گا کہ تحریک کرے گا کہ دوسرے کی کہی ہوئی بات بیان کر دو، تمہارا اس میں کیا حرج ہے۔ لیکن جب تم ایسا کر لو گے تو پھر خود تمہارے منہ سے ایسی باتیں نکلوائے گا جب یہ بھی کر لو گے تو پھر اس فعل کا تم سے ارتکاب کروا لے گا۔ پس تم پہلے ہی اس کے پیچھے نہ چلو اور پہلے ہی قدم پر اس کی بات کو رد کر دو تا کہ تم تباہی سے بچو، محفوظ رہو۔ اور اس رد کرنے کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کی مدد کی، اس کے فضل کی ضرورت ہے۔ اس لئے ہمیں نمازوں کے ذریعہ سے، استغفار کے ذریعہ سے اس کی مدد مانگتے رہنا چاہئے۔ پانچ وقت نمازوں کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہی راستہ سکھایا ہے کہ شیطان سے بچنے کے لئے پانچ وقت میرے حضور حاضر ہو اور میرا فضل مانگو (۔) اس سے محفوظ رہو گے، بہت ساری برائیاں تمہارے اندر نہیں جائیں گی۔

(روزنامہ الفضل 30 مارچ 2004ء)

راحتِ جاں

بخت والے جہاں پہ رہتے ہیں
آؤ یارو وہیں پہ چلتے ہیں

عشق سچ مچ جہاں پہ ہے آباد
دل بھی سچ مچ جہاں دھڑکتے ہیں

چومتی ہے شفق مکانوں کو
رنگ بنتے ہیں اور بکھرتے ہیں

ایسا لگتا ہے ان زمینوں پر
آسمانوں سے پھل اترتے ہیں

مرمریں، مطمئن، حسیں چہرہ
پھول ہی پھول جس پہ کھلتے ہیں

سرنگوں جس کے آگے دانائیاں
تخت جھک کر سلام کرتے ہیں

راحت جان وہ ہمارا ہے
ہم اسی مہرباں پہ مرتے ہیں

ربط روح و بدن سے آگے کا
اس سے گہرے ہمارے رشتے ہیں

منبع و مرکز و مدار وہی
سارے رستے اسی کے رستے ہیں

ناصر احمد سید

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مکرم ناظر صاحب اصلاح وارشاد مرکزیہ

نتیجہ امتحان حقیقۃ الوحی (فائنل پرچہ)

حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ

ایک دفعہ جو امتحان لینے کی تجویز کی گئی تھی بہت ضروری تھی۔ اس کا ضرور بندوبست ہونا چاہئے۔ حقیقۃ الوحی اس مطلب کے لئے بہت مفید کتاب ہے۔ (ملفوظات جلد 5 صفحہ 212)

حضرت مسیح موعود کی اس خواہش کے مطابق حقیقۃ الوحی کے امتحان کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حقیقۃ الوحی کے فائنل پرچہ کے کل 50888 حل شدہ پرچہ جات مورخہ 5 مارچ 2010ء تک نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔

☆ (114) پرچے ایسے وصول ہوئے ہیں جن پر نام یا ایڈریس درج نہ تھا۔

☆ (109) فوٹو کاپیاں موصول ہوئیں۔

☆ (117) پیپرز خالی موصول ہوئے۔

مندرجہ بالا تعداد منہا کر کے 50548 پرچوں کی تنظیموں کے لحاظ سے پوزیشن اس طرح رہی۔

تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

تنظیم	تعداد موصولہ پیپرز	پوزیشن
خدام الاحمدیہ	19026	اوّل
لجنہ اماء اللہ	16022	دوم
انصاراللہ	15500	سوم

نوٹ: اطفال الاحمدیہ کے پرچے خدام الاحمدیہ میں اور ناصرات الاحمدیہ کے پرچے لجنہ اماء اللہ میں شامل ہیں۔

نمبروں کے لحاظ سے پوزیشن (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے)

اول: 99 نمبر حاصل کرنے والے

مکرم منور احمد تنویر صاحب ولد مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب مجلس انصاراللہ دارالصدر شرقی طاہر۔ ربوہ

مکرم بشارت احمد طاہر صاحب ولد مکرم مرزا برکت علی صاحب مجلس انصاراللہ کھاریاں شہر۔ گجرات

مکرم احسان الحق قمر صاحب ولد مکرم عبدالرزاق صاحب مجلس انصاراللہ والٹن ڈیفنس۔ لاہور

مکرم منصور احمد لکھنوی صاحب ولد مکرم ڈاکٹر وارث علی صاحب مجلس انصاراللہ گلشن اقبال شرقی۔ کراچی

مکرمہ امۃ القدوس صاحبہ اہلیہ مکرم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب لجنہ اماء اللہ دارالصدر شمالی نمبر 1۔ ربوہ

مکرمہ مبارکہ احمد صاحبہ بنت مکرم نصیر احمد صاحب لجنہ اماء اللہ دارالنصر شرقی محمود۔ ربوہ

مکرمہ سمیرا نزہت صاحبہ بنت مکرم عنایت اللہ صاحب لجنہ اماء اللہ دارالعلوم شرقی مسرور۔ ربوہ

دوم: 98 نمبر حاصل کرنے والے

ربوہ مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب، ڈاکٹر ناصر احمد صاحب، مکرم مجیب احمد قاسم صاحب، مکرم عبدالرحمٰن عاجز صاحب (انصاراللہ) مکرم مسابق احمد طیب صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ امتہ الحسیب بیگم صاحبہ، مکرمہ قدسیہ خالد صاحبہ، مکرمہ امتہ الاکبر ماریہ صاحبہ، مکرمہ امتہ المعطی خرم صاحبہ، مکرمہ مدیحہ احمد صاحبہ، مکرمہ بابرہ مبارک صاحبہ، مکرمہ فوزیہ کنول صاحبہ، مکرمہ ملیحہ نصیب صاحبہ، مکرمہ مسرت جبیں صاحبہ، مکرمہ نعیمہ حمید صاحبہ، مکرمہ امتہ القدوس لبنیٰ صاحبہ (لجنہ اماء اللہ) مکرمہ سدرہ محمود صاحبہ (ناصرات الاحمدیہ)

اسلام آباد مکرم کرنل بشارت احمد سیٹھی صاحب، مکرم شریف احمد صاحب (انصاراللہ) مکرمہ عفت نسرین صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

بہاولنگر مکرم ناصر محمود رانا صاحب، مکرم ڈاکٹر محمد سلیم صاحب (انصاراللہ)

بھکر مکرم ملک محمود احمد اعوان صاحب (انصاراللہ)

پشاور مکرمہ عائشہ ذوالفقار صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

خوشاب مکرم رانا بشارت احمد صاحب (انصاراللہ) مکرمہ ثمینہ باسط صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

راولپنڈی مکرم توقیر احمد ملک صاحب (انصاراللہ) مکرمہ امۃ المتین صاحبہ، مکرمہ ثمینہ سعادت احمد صاحبہ، مکرمہ رومیلہ طاہر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

سرگودھا مکرم چوہدری نصیر احمد وڑائچ صاحب (انصاراللہ)

شیخوپورہ مکرم مظفر احمد صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ ریحانہ صدیقہ بھٹی صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

قصور مکرمہ امۃ النور جاوید صاحبہ، مکرمہ امۃ الشافی جاوید صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

کراچی مکرم ھبۃ اللہ کاہلوں صاحب (انصاراللہ) مکرمہ امۃ الباری ناصر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

کوئٹہ مکرمہ بشریٰ عامر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

گجرات مکرمہ آنسہ بشریٰ صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

لاہور مکرم سردار علی صاحب، مکرم محمد الیاس بقاپوری صاحب، مکرم رحمت علی ظہور صاحب (انصاراللہ) مکرم ضیاء نثار صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ روبینہ فیض اللہ صاحبہ، مکرمہ عدیلہ اشتیاق صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

منڈی بہاؤالدین مکرم نجیب احمد صاحب (خدام الاحمدیہ)

نواب شاہ مکرم معراج احمد ابڑو صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ انعم اشفاق صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

سوم: 97 نمبر حاصل کرنے والے

ربوہ مکرم عبدالمالک صاحب، ڈاکٹر راجہ بصیر احمد ابصار صاحب، مکرم عبدالغفار خان صاحب، مکرم عزیز الرحمٰن صاحب، مکرم محمد ارشد قریشی صاحب (انصاراللہ) مکرم عثمان بلوچ صاحب، مکرم نورالاسلام گل صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ مبارکہ نصیب صاحبہ، مکرمہ شکیلہ سعید صاحبہ، مکرمہ عطیۃ الوحید صاحبہ، مکرمہ صائمہ مجیب صاحبہ، مکرمہ ساجدہ ذاکرہ صاحبہ، مکرمہ صالحہ سلطان صاحبہ، مکرمہ منصورہ منزہ باجوہ صاحبہ، مکرمہ نائلہ یوسف صاحبہ، مکرمہ شاہین بشارت صاحبہ، مکرمہ امۃ الرقیب طاہرہ صاحبہ، مکرمہ امۃ العزیز قمر صاحبہ، مکرمہ آمنہ ایمن صاحبہ، مکرمہ نائلہ مبارک صاحبہ، مکرمہ امۃ الحفیظ عابدہ صاحبہ، مکرمہ مبارکہ منور صاحبہ، مکرمہ چوہدری لبانہ نسیم کشمیری صاحبہ، مکرمہ اسماء اسرار صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

اسلام آباد مکرم طارق احمد اعوان صاحب (انصاراللہ) مکرمہ امۃ الودود وجیہہ صاحبہ، مکرمہ راحیلہ خلیل صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

بدین مکرمہ میمونہ عصمت صاحبہ، مکرمہ امۃ الشاہین صاحبہ (لجنہ اماء اللہ) مکرمہ زنوبیہ اسلم صاحبہ (ناصرات الاحمدیہ)

بہاولپور مکرم نثار احمد صاحب (انصاراللہ)

پشاور مکرم مبارک احمد اعوان صاحب (انصاراللہ) مکرمہ سیدہ نصرت جہاں صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

راولپنڈی مکرمہ لبنیٰ منور صاحبہ، مکرمہ خولہ رفیق صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

سیالکوٹ مکرم جلال الدین شاد صاحب (انصاراللہ)

قصور مکرم نعمت اللہ جاوید صاحب (انصاراللہ) مکرمہ ثمینہ شوکت صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

کراچی مکرم مبشر احمد اعجاز صاحب، مکرم طارق محمود کھوکھر صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ عالیہ شعیب صاحبہ، مکرمہ نعیمہ امجد صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

گجرات مکرم خلیل احمد صاحب، مکرم ڈاکٹر منیر حسین چوہدری صاحب (انصاراللہ)

گوجرانوالہ مکرم منور احمد فضل صاحب، مکرم ڈاکٹر محمد اکرم صاحب (انصاراللہ) مکرمہ شازیہ قدیر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

لاہور مکرم نور الٰہی بشیر صاحب، مکرم نعمت اللہ قریشی صاحب، مکرم رانا شکور احمد صاحب (انصاراللہ) مکرم ڈاکٹر امتیاز احمد رانا صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ ستارہ مظفر صاحبہ، مکرمہ لبنیٰ عرفان صاحبہ، مکرمہ حمیرا سمیع قاضی صاحبہ، مکرمہ عائشہ سمیع قاضی صاحبہ، مکرمہ طیبہ بشریٰ بٹ صاحبہ، مکرمہ نعیمہ ظہیر صاحبہ، مکرمہ رشمہ امتیاز صاحبہ، مکرمہ تسلیم ارشد صاحبہ، مکرمہ سمعیہ سمیع قاضی صاحبہ، مکرمہ شفق عدیل صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

ملتان مکرم محمد لطیف ملک صاحب (انصاراللہ)

نواب شاہ مکرمہ آصفہ نصرت صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

چہارم: 96 نمبر حاصل کرنے والے:

ربوہ مکرم عبدالوہاب احمد شاہد صاحب، مکرم جاوید احمد کاہلوں صاحب، مکرم شیخ شبیر احمد انور صاحب، مکرم سید خالد منظور صاحب، مکرم محمد سلیم صاحب، مکرم میجر (ر) سعید احمد صاحب، مکرم چوہدری نسیم احمد کاشمیری صاحب (انصاراللہ) مکرم سلیم احمد صاحب، مکرم الطاف محمود صاحب، مکرم خالد محمود مجید صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ عمارہ ظل صاحبہ، مکرم ھبۃ النور صاحبہ، مکرمہ فاخرہ انیس صاحبہ، مکرمہ شگفتہ نسیم صاحبہ، مکرمہ سعدیہ عرفان صاحبہ، مکرمہ نجمہ سلطان صاحبہ، مکرمہ ثوبیہ منور صاحبہ، مکرمہ رخسانہ رمضان صاحبہ، مکرمہ سلمیٰ بی بی صاحبہ، مکرم صبیحہ اکرام صاحبہ، مکرمہ مہ پارہ خلیل صاحبہ، ڈاکٹر شہناز اختر صاحبہ، مکرم ثمینہ احمد صاحبہ، مکرم عتیقہ رفیق صاحبہ، مکرمہ امۃ الباسط صاحبہ، مکرمہ تسنیم قدسیہ صاحبہ، مکرمہ کرن شہزادی صاحبہ، مکرمہ شازیہ اظہر صاحبہ، مکرمہ اسماء شاہین صاحبہ، مکرمہ رشیدہ قاسم صاحبہ، مکرمہ نصرت جہاں فوزیہ صاحبہ، مکرمہ عفیفہ احمد صاحبہ، مکرمہ صفیہ لطیف صاحبہ، مکرمہ عتیقہ نصیر صاحبہ، مکرمہ منزہ بتول صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

اسلام آباد مکرم ایم اے لطیف شاہد صاحب، مکرم ظہیر احمد فاروق صاحب (انصاراللہ) مکرم صباحت احمد چیمہ صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ رابعہ سلطانہ صاحبہ، مکرمہ حمیرا جمیل صاحبہ، مکرم ساجدہ شریف صاحب (لجنہ اماء اللہ)

بھکر مکرم محمد عامر ملک صاحب (خدام الاحمدیہ)

بہاولنگر مکرم خالد محمود باجوہ صاحب (انصاراللہ)

پشاور مکرم عطاء الحمید صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرم مبارکہ افتخار صاحبہ، مکرمہ نور جہاں صاحبہ، مکرمہ امۃ الشکور صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

ٹوبہ ٹیک سنگھ مکرم محمد امین صاحب (خدام الاحمدیہ)

چکوال مکرمہ کوثر تنویر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

حیدرآباد مکرمہ سہیل شہزاد صاحب (خدام الاحمدیہ)

خانیوال مکرم مرزا وسیم احمد صاحب (انصاراللہ)

راولپنڈی مکرم لئیق احمد سنوری صاحب، مکرم بشیر الدین صاحب (انصاراللہ) مکرمہ نسیمہ زبیری صاحبہ، مکرمہ صباحت خالد صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

سرگودھا مکرم ڈاکٹر رشید احمد آفتاب صاحب (انصاراللہ) مکرمہ امۃ المتین صاحبہ، مکرمہ فضل ربی صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

سیالکوٹ مکرم ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب (انصاراللہ)

شیخوپورہ مکرمہ فرحانہ صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

فیصل آباد مکرم ڈاکٹر بشیر حسین تنویر صاحب، مکرم ذیشان احمد صدیقی صاحب (انصاراللہ)

قصور مکرم ناصرہ ادریس صاحب (لجنہ اماء اللہ)

کراچی مکرم صوفی محمد اکرم صاحب، مکرم مجیب احمد ناصر صاحب، مکرم مصور احمد طاہر صاحب (انصاراللہ) مکرم کاشف مقبول صاحب (خدام الاحمدیہ) مکرمہ منورہ خلیل صاحبہ، مکرمہ آمنہ شعیب صاحبہ، مکرمہ نغمہ وسیم صاحبہ، مکرمہ فرح سعید صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

گجرات مکرم محمد فاروق صاحب، مکرم قدیر احمد صاحب، مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب، مکرم شریف احمد اشرف صاحب، مکرم مبشر احمد چوہان صاحب (انصاراللہ)

مکرمہ مس امینہ بیگم صاحبہ، مکرمہ اقصیٰ مبین صاحبہ، مکرمہ نفیسہ ناہید صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

گوجرانوالہ مکرمہ امۃ الحلیم صاحبہ، مکرمہ مریم رحمٰن صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

لاہور مکرم چوہدری محمد لطیف انور صاحب، مکرم ندیم احمد صاحب، مکرم چوہدری نثار احمد صاحب، مکرم محمد ارشاد صاحب (انصاراللہ) مکرمہ شازیہ منصور صاحبہ، مکرمہ بشریٰ اعجاز صاحبہ، مکرمہ انیسہ وسیم صاحبہ، مکرمہ سیدہ ثمینہ صادقہ صاحبہ، مکرمہ حنا ظفر ہاشمی صاحبہ، مکرمہ امۃ القیوم سمیع قاضی صاحبہ، مکرمہ عائشہ جمیل بٹ صاحبہ، مکرمہ رضوانہ اسلم صاحبہ، مکرمہ امۃ السلام صاحبہ، مکرمہ بشریٰ منصور صاحبہ، مکرمہ امۃ الباسط شاہین صاحبہ، مکرمہ سیدہ نفیسہ منور صاحبہ، مکرمہ صبیحہ امین صاحبہ، مکرمہ فرح انور ورک صاحبہ، مکرمہ فاطمہ گل صاحبہ، مکرمہ صادقہ فرحت بٹ صاحبہ، مکرمہ نجمہ سعید بٹ صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

ملتان مکرم فضل الرحمٰن ملک صاحب، مکرم چوہدری عبدالمجید صاحب (انصاراللہ)

میرپورخاص: مکرم علی ڈنو طاہر صاحب (خدام الاحمدیہ)

نواب شاہ مکرمہ شازیہ ارم صاحبہ، مکرمہ نازیہ جہانگیر صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

نوشہروفیروز مکرمہ ملیحہ اسد صاحبہ (لجنہ اماء اللہ)

وہاڑی مکرم شیخ جلیل احمد صاحب (انصاراللہ)

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو سند اور نظارت کی طرف سے کتابچہ کا ایک چھوٹا سا تحفہ بھجوا دیا گیا ہے۔ اگر کسی کو تا حال نہیں ملا تو وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کر لیں۔ مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہو تو فون 047-6212220 اور موبائل 03426922533 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نظارت کا ای۔میل nazarat.markazia@gmail.com ہے۔

☆ اس امتحان میں شامل ہو کر الحمدللہ ہم سب نے حضرت مسیح موعود کی اس خواہش کو پورا کیا ہے اس کتاب کا امتحان ہو، اس کو یاد کر لیں۔ حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ

"سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔"

یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔ اس لئے سب احباب کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ ہر روزہ معمول بنالیں۔ رواں سال مطالعہ کے لئے روحانی خزائن کی جلد نمبر 23 مقرر ہوئی ہے۔ جس میں چشمہ معرفت اور پیغام صلح شامل ہیں۔ امید ہے آپ سب اس کتاب کا مطالعہ کریں گے اور اس کے امتحان میں شامل ہوں گے۔

تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

نمبر شمار	نام ضلع	انصاراللہ	خدام الاحمدیہ	لجنہ اماء اللہ	کل تعداد
1	ربوہ	3378	5228(اوّل)	2209	10815
2	کراچی	1477	1893	3122(اوّل)	6492
3	لاہور	2350	1760	1436	5546
4	سیالکوٹ	374	2013	1457	3844
5	فیصل آباد	957	1423	76	2456
6	شیخوپورہ	609	513	468	1590
7	راولپنڈی	479	328	672	1479
8	اسلام آباد	301	458	665	1424
9	عمرکوٹ	274	612	486	1372
10	حیدرآباد	333	394	384	1111
11	گوجرانوالہ	350	152	507	1009
12	میرپورخاص	211	275	384	870
13	جھنگ	254	288	323	865
14	گجرات	201	172	374	747
15	سرگودھا	308	227	147	682
16	اوکاڑہ	146	191	307	644
17	بہاولنگر	288	83	245	616
18	ڈیرہ غازی خان	153	131	266	550
19	خانیوال	93	219	184	496
20	پشاور	196	116	181	493
21	ملتان	136	201	152	489
22	ٹوبہ ٹیک سنگھ	268	136	32	436
23	منڈی بہاؤالدین	129	113	192	434
126	بدین	126	220	84	430
25	نواب شاہ	129	109	161	399
26	بہاولپور	154	111	127	392
27	حافظ آباد	169	157	18	344
28	لیہ	52	132	158	342
29	کوٹلی AK	120	113	97	330
30	ساہیوال	174	74	40	288
31	خیرپور	63	99	121	283
32	خوشاب	159	52	70	281
33	نارووال	137	85	53	275
34	میرپور AK	65	149	34	248
35	قصور	112	69	67	248
36	چکوال	54	86	95	235
37	جہلم	104	68	60	232
38	مظفرگڑھ	124	29	67	220
39	لاڑکانہ	91	98	17	206
40	سانگھڑ	58	33	66	157
41	لودھراں	43	56	50	149

42	سکھر	31	40	54	125
43	ہزارہ ڈویژن	31	34	49	114
44	بھکر	21	21	56	98
45	راجن پور	21	37	35	93
46	نوشہرو فیروز	56	9	27	92
47	کوئٹہ	25	3	55	83
48	چنیوٹ	6	35	37	78
49	رحیم یارخان	40	5	5	50
50	مٹھی تھرپارکر	24	0	21	45
51	وہاڑی	28	3	7	38
52	اٹک	8	3	0	11
53	ضلع نامعلوم	10	170	22	202
	میزان	15500	19026	16022	50548

☆ (415) ایسے احبابِ جماعت کے پرچے بھی موصول ہوئے جو بیمار تھے اور حضرت مسیح موعود کی خواہش کی تعمیل میں باوجود بیماری اور انتہائی معذوری کے پرچہ حل کر کے بھجوایا۔ نیزان میں وہ احباب بھی شامل ہیں جو پڑھ نہیں سکتے تھے انہوں نے تمام جوابات کسی سے سن کر یاد کیے تھے اور اپنا پرچہ بھجوایا۔

☆ مجلس نابینا ربوہ کے ممبران نے بھی زبانی امتحان دیا۔

☆ قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان نے 6525 کتب خرید کر انصار تک پہنچائیں۔

ب۔بشیر

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد کی مخلصانہ راہنمائی

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ میں ذکر فرماتے ہوئے آپ کو مؤرخ احمدیت کے ساتھ ''تاریخ احمدیت کا ایک باب'' کا خطاب دیا۔ آپ کی بے مثال طویل خدمات کا تذکرہ نہایت تفصیل سے فرماتے ہوئے قابل رشک خراج تحسین عطا فرمایا۔ وہ جن کی قابلیت اور خصوصیات کے باعث حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نظر انتخاب آپ پڑی اور آپ کو ایک نہایت اہم اور محنت طلب کام کی ذمہ داری سپرد کی گئی۔ جسے آپ نے نہایت خوبصورتی اور سلیقہ مندی سے شب وروز بے حد عرق ریزی سے قریباً انجام تک پہنچایا ہے۔

قومی اسمبلی کی کارروائی کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے حوالہ جات کی فوری فراہمی کے لئے آپ کو اپنے ساتھ رکھنے کا اعزاز عطا فرمایا اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے آپ کو ''حوالوں کا بادشاہ'' اور انسائیکلو پیڈیا قرار دیا۔ آپ کی وفات کے بعد جماعت کے ممتاز لکھنے والوں نے آپ کی سیرت پر بہت خوبصورتی سے روشنی ڈالی ہے۔ مکرم مبشر احمد صاحب محمود نے مندرجہ ذیل قطعہ میں آپ کی تمام زندگی کے کارناموں کو مقید کردیا ہے۔

تاریخ، کتابیں یہ مقالے یہ حوالے
اِک عِلم کا دریا تھا جو رُخ موڑ گیا ہے
پھر ایسا کوئی آئے گا، دیر لگے گی
مُشکل سے بھرے گا جو خلاء چھوڑ گیا ہے

اس مختصر تمہید کے بعد خاکسار آپ کے ذکر خیر کے موضوع کو جماعت کے بے شمار لکھاریوں کے حوالے کرتی ہے جو سالہا سال تک ان کی اَن گنت خدمات پر روشنی ڈالتے رہیں گے۔

میں صرف ان کی چند اعلیٰ خصوصیات کا ذکر اپنی ذات کے حوالے سے اس لئے کرنا چاہتی ہوں کہ وہ شاذ کے طور پر افراد جماعت احمدیہ میں پائی جاتی ہیں اور انہوں نے مجھے بے حد متاثر کیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ کوئی اور بھی ان سے فائدہ اٹھالے۔

2000ء کے اواخر کی بات ہے کہ اعتکاف کے دوران میں نے ایک بزرگ کی خدمت میں دعا کی درخواست کرتے ہوئے پوچھا کہ مجھے ایسے بزرگان جماعت کے ناموں سے آگاہ کریں جن سے دعا کی درخواست کی جائے تو انہوں نے از راہ کرم جن بزرگوں کا ذکر کیا ان میں حضرت مولانا دوست محمد صاحب شاہد کا نام بھی تھا۔ لہٰذا خاکسار نے ان کی خدمت میں دعا کی درخواست کی تو آپ نے ازراہ شفقت جواب سے نوازا۔ اس طرح آپ سے باقاعدہ سلسلہ خط وکتابت شروع ہوگیا۔

آپ کی سیرت کا ایک قابل تعریف پہلو یہ بھی ہے کہ آپ اپنی بے حد مصروفیت کی باوجود اپنے قلم سے تحریری جواب سے نوازتے۔ پھر 2001ء میں میرے امریکہ آجانے کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا اور 2007ء تک اپنے قلم خاص سے آپ جواب عطا فرماتے اور اپنی خاص دعاؤں سے نوازتے رہے۔ بعدازاں E.mail کے ذریعے آپ سے وفات تک رابطہ قائم رہا۔

آپ کے خطوط کے چند اقتباسات قارئین کے استفادہ کے لئے تحریر ہیں۔ جو آپ نے میرے پریشان کن حالات کے جواب میں لکھے مورخہ 28 فروری 2001ء کے خط میں آپ رقم طراز ہیں:۔

''حضرت مسیح موعود کا زندہ کلام ہر مرحلہ پر ہمیشہ دعا اور صبر کا پیغام دیتا ہے کہ درگاہ الٰہی سے ہی سب فیض حاصل ہوگا۔

اے خدا اے چارہ ساز درد ہم کو خود بچا
اے میرے زخموں کے مرہم دیکھ میرا دل فگار

پھر لکھتے ہیں کہ امید ہے حضور انور کی خدمت میں میں دعا کی درخواست کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہو گا''۔

والسلام
شاہد
خاکِ پائے طاہر

مورخہ 8/اکتوبر 2004ء کے خط میں تحریر فرمایا:۔

''مشکلیں کیا چیز ہیں مُشکل کُشا کے سامنے

حضرت خلیفۃ المسیح کو عرش کے خدا نے آج ساری دنیا کو مسرور (دعاؤں کے ذریعہ) بنانے کے لئے مقرر فرمایا ہے۔ امید ہے یہ پہلو کبھی ہر لحہ فراموش نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فتح وظفر کی یہ کلید چودہ صدیوں کے بعد صرف جماعت احمدیہ کو عطا فرمائی ہے۔ الحمدللہ اور اس کی برکت سے ہم غار سے نکل کر حیرت انگیز طور پر ترقی کے مینار کی طرف رواں دواں ہیں''۔

ہم نے صدیوں کی رات کاٹی ہے
ہم نئی صبح کے اجالے ہیں

مورخہ 19/اپریل 2005ء کو تسلی دیتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

ہو فضل تیرا یا رب یا کوئی ابتلاء ہو
راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تیری رضا ہو

ایک بار لکھا اللہ تعالیٰ آپ سب کو صحت وسلامتی کے ساتھ عمر خضر بخشے تا خلافت خامسہ کی مستقبل کی عالمگیر فتوحات اپنی آنکھوں سے مشاہدہ فرما سکیں اور ان کو قریب تر لانے کے لئے دعا، قربانی، دعوت الی اللہ اور عشق خلافت کی بدولت آپ کا بھی یادگار حصہ ہو جو آئندہ نسلوں کے لئے بھی مشعل راہ ثابت ہو۔

مورخہ 4/اگست 2005ء میں تحریر فرمایا:۔

''جلسہ انگلستان کی فقید المثال اور بے نظیر کامیابی اور مرکز نو کی خرید مبارک سو مبارک آپ سب اس کے آستانہ پر جھکے رہیں کہ ہفت اقلیم کی دولت بھی اس کے سامنے ہیچ ہے۔

مورخہ 9/اکتوبر 2007ء......عید کی حضرت مسیح الزماں کے الہامی کلمات میں سو مبارک۔......حضرت مصلح موعود نے اپنی خلافت کے اوائل میں عیدالفطر کے خطبہ میں یہ عظیم نصب العین پیش فرمایا کہ ہماری عید اس دن ہوگی جب ساری دنیا وہی کلمہ پڑھے گی جو ہم پڑھ رہے ہیں۔ اللہ کرے کہ وہ دن جلد خلافت کی برکت سے ہم مشاہدہ کریں جبکہ دنیا کا مرکز مکہ، دستور حیات قرآن اور مذہبی راہ نما محمد ﷺ کو تسلیم کیا جائے اور خدائی وعدوں کے مطابق جماعت احمدیہ کی شوریٰ یو۔این۔او کی جگہ لے لے۔ مگر یہ شاندار مستقبل دعا، نمونہ اور سب سے بڑھ کر دعوت الی اللہ سے وابستہ ہے۔ مصلح موعود فرماتے ہیں۔

ہم تو جس طرح بنے کام کئے جاتے ہیں
آپ کے وقت میں یہ سلسلہ بدنام نہ ہو

خلاصۂ کلام یہ کہ آپ کا دل و دماغ اللہ تعالیٰ کی محبت۔ حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے عشق میں گداز تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص نصرت سے نوازتے ہوئے آپ کو اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کی بحسن وخوبی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعا ہے کہ وہ ہم سب کو آپ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

خداوند کریم و رحیم آپ کو بے حساب اجر سے نوازے اور اعلیٰ علیّین میں جگہ دے۔ آمین

سمیع، مجیب اور معطی کا جلوہ

حضرت میر محمد اسماعیل صاحب فرماتے ہیں کہ چند سال کا ذکر ہے کہ ایک دن رات کو بعد مغرب کھانا کھا کر ہم سب حضرت اماں جان کے دسترخوان پر ہی بیٹھے تھے کہ کسی نے کہا اس وقت گنے کھانے کو جی چاہ رہا ہے خدا کھلا دے (یعنی وہ گنا جسے پونڈا کہتے ہیں اور پنجابی میں پونا) حضرت اماں جان نے ایک آدمی بازار دوڑا دیا۔ وہ جواب لایا۔ بازار میں کوئی پونڈا نہیں ملا۔ فارم کی طرف آدمی بھیجا گیا۔ ادھر سے بھی جواب صاف آیا کہ گنے ہیں۔ پونڈے نہیں ہیں۔ خیر اب دونوں تیر خالی گئے تو صبر سے بیٹھ گئے۔ ابھی باتیں کر ہی رہے تھے اور پانچ منٹ فارم والے پیغام کو آئے ہوئے نہیں گزرے تھے کہ بیت مبارک کے دروازے سے مکرمی مفتی فضل الرحمٰن نے حضرت اماں جان کو یکدم آواز دی کہ اماں جان یہ گنے گورداسپور سے لایا ہوں۔ آج وہاں کسی مقدمے پر گیا تھا اور ابھی تانگے پر سیدھا آرہا ہوں۔ یہ کہہ کر ایک پھاندی پونڈوں کی پردہ میں سے دھڑام کر کے اندر پھینک دی یہ کہہ کر وہ تو چلے گئے مگر ان کو پونڈوں کا عندالطلب غیب سے آجانے کا لطف ہماری ساری پارٹی کو خوب آیا۔

خدا نے ہمیں گنے نہیں ہیں کھلائے بلکہ اپنے سمیع، مجیب، کلیم اور معطی کا جلوہ دکھایا تھا۔ گویا گنوں کے پردہ میں خود کو ظاہر کیا تھا۔

(روزنامہ الفضل 17۔اکتوبر 1995ء ص4)

تاریخ نسواں

عالم نسواں کے کچھ دلچسپ حقائق اور یادگار واقعات

برطانیہ میں خواتین کو رائے دہی کا حق

1918ء میں برطانیہ میں خواتین کو حق رائے دہی دیے جانے کی تحریک اپنے انجام کو پہنچی اور 21 نومبر 1918ء کو شاہ برطانیہ نے اس بل کی توثیق کردی۔ جس میں خواتین کو انتخابات میں حصہ لینے اور ووٹ ڈالنے کا حق دیئے جانے کی سفارش کی گئی تھی۔ اس بل کی منظوری کے بعد 14 دسمبر 1918ء کو برطانیہ میں عام انتخابات منعقد ہوئے۔ ان انتخابات میں 30 سال سے زیادہ عمر والی خواتین نے پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے کا حق استعمال کیا اور 17 خواتین نے ان انتخابات میں حصہ بھی لیا۔ ان میں سے ایک خاتون انتخاب جیت کر پارلیمنٹ کی رکن بننے میں کامیاب ہوگئیں۔ اس خاتون کا نام کاؤنٹس مارکی وز تھا۔ انہوں نے ڈبلن کے حلقے سے کامیابی حاصل کی تھی۔

امریکی ایوان نمائندگان کی پہلی خاتون رکن

7 نومبر 1916ء کو امریکا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کوئی خاتون ایوان نمائندگان کی رکن منتخب ہونے میں کامیاب ہوئی۔ اس خاتون کا نام مس جینٹ رینکسن تھا مس جینٹ امریکی ریاست مونٹانا سے ایوان نمائندگان کی رکن منتخب ہوئی تھیں۔

محکمہ پولیس میں شامل ہونے والی پہلی خاتون

آج دنیا کے تقریباً ہر ملک میں زندگی کے تمام شعبوں میں عورت کی شرکت وشمولیت لازمی ہوتی جارہی ہے۔ مگر وہ پہلی عورت تاریخ کا ہمیشہ کیلئے حصہ بن گئی جس نے ابتداء کی اور پہلا قدم اٹھایا۔ پولیس کے شعبے میں شامل ہونے والی دنیا کی پہلی خاتون کا نام مسز ایلین اسٹیبنز ویلز تھا۔ وہ ایک سماجی کارکن رہ چکی تھیں، ان کی تقرری لاس اینجلس پولیس ڈیپارٹمنٹ میں 12 دسمبر 1919 کو عمل میں آئی تھی۔

دنیا کی پہلی خاتون پائلٹ

ہوا میں اڑنا اور اڑانا کس کو پسند نہیں ہوتا پھر خواتین کے لئے تو یہ مشغلہ بہت دل پسند سمجھا جاتا ہے دنیا کی وہ پہلی عورت جس نے سب سے پہلے ہوا میں اڑنے کا خواب دیکھا اور شرمندہ تعبیر کیا، اس کا تعلق فرانس سے ہے۔ بیرونس ڈی لاروشے 8 مارچ 1910ء میں دنیا میں پہلی خاتون پائلٹ بنیں۔

گرل گائیڈز تنظیم کا آغاز

31 مئی 1910ء کو بوائے اسکاوٹ تنظیم کے بانی لارڈ بیڈن پاوا کی بہن ایگنیس نے گرل گائیڈز تنظیم کی بنیاد رکھی۔ بوائے اسکاوٹ تنظیم کی طرح گرل گائیڈز تحریک کے بنیادی مقاصد بھی نظم وضبط، جسمانی فٹنس اور ذہن وجسم کی پاکیزگی تھے۔ تاہم لڑکیوں کیلئے اس تنظیم میں ابتدائی طور پر زیادہ توجہ کھانے پکانے، بچوں کی دیکھ بھال اور سلائی کڑھائی پر دی گئی۔ بوائے اسکاوٹس تنظیم کی طرح یہ تنظیم بھی بہت جلد مقبول ہوگئی۔

لیڈی آف دی لیمپ

13/اگست 1910ء کو نرسنگ کے شعبے کی بانی فلورنس نائٹ اینجل 90 برس کی عمر میں وفات پاگئیں وہ 12 مئی 1820ء کو پیدا ہوئی تھیں۔

فلورنس نائٹ اینجل نے جنگ کریملن کے دوران زخمیوں کی بھرپور دیکھ بھال کی تھی۔ اسی جنگ کے دوران انہیں لیڈی آف دی لیمپ کا خطاب ملا تھا۔ انہیں بہت سے اعزازات بھی ملے تھے۔ جن میں برطانیہ کا سب سے بڑا شہری اعزاز آرڈر آف میرٹ بھی شامل ہے۔ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والی پہلی خاتون تھیں۔ 20/اگست 1910ء کو فلورنس نائٹ اینجل کی آخری رسومات سینٹ پال لیتھڈرل میں ادا کی گئیں، جن کے بعد انہیں ایسٹ ویلو کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے والی خاتون

برطانوی خاتون ایلس برگریوز نے 21 ہزار فٹ بلند ماؤنٹ ایورسٹ کی چوٹی آکسیجن ماسک کا استعمال کئے بغیر 1995ء میں سر کی۔ 33 سالہ ایلس برطانیہ کی واحد پروفیشنل کوہ پیما تھی۔ ایلس کی غیر موجودگی میں اس کا شوہر جم بلیئرڈ بچوں کی دیکھ بھال کرتا تھا اور اسے یقین تھا کہ ایک نہ ایک دن اس کی بیوی یہ کارنامہ ضرور سرانجام دے گی۔ جم نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ دنیا بھر کی عورتوں کو ایلس پر ناز ہونا چاہئے۔ ایلس کو اپنی مہم کے دوران تند وتیز ہواؤں کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن اس نے بڑی بہادری سے ان کا مقابلہ کیا۔ واضح رہے کہ 80ء کی دہائی میں اسٹیفن نامی خاتون ''نارتھ برج'' کی چوٹی تک پہنچ گئی تھی۔ لیکن اس مقصد کیلئے اس نے ماسک آکسیجن استعمال کیا تھا۔

ملازمت پیشہ خواتین

یونیورسٹی آف مینسیوٹا کے ایک سروے کے مطابق ملازمت پیشہ عورتیں مردوں کی نسبت زیادہ تحمل مزاج اور تعاون کرنے والی ہوتی ہیں۔ سروے میں بتایا گیا ہے کہ عورتیں اپنے ساتھیوں کے ساتھ زیادہ ہمدردی اور محبت سے پیش آتی ہیں۔ ملازمت پیشہ خواتین وقت کی پابندی کے ساتھ ساتھ دورانِ کار وقت بھی ضائع نہیں کرتیں، شاید اس لئے کہ وہ گھر اور ملازمت کے مابین وقت اور توانائی کی تقسیم بہت بہتر انداز میں کررہی ہوتی ہیں۔

سعودی کابینہ میں پہلی بار خاتون شامل

2009ء سعودی خواتین کیلئے بہت اہم ہے کہ پہلی بار سعودی عرب کی کابینہ میں ایک خاتون کو شامل کیا گیا ہے۔ سعودی فرمارواں شاہ عبداللہ نے اپنی کابینہ میں ردوبدل کرتے ہوئے تاریخ میں پہلی بار ایک خاتون کو نائب وزیر تعلیم مقرر کیا۔ اس منصب پر متعین ہونے والی سعودی خاتون کا نام نورالفیض ہے۔ نورالفیض کا کہنا ہے کہ اسلام نے عورتوں کو جو آزادی، عزت اور مرتبہ دیا ہے ان کا تقرر اس سمت میں پہلا قدم ہے۔

(سنڈے ایکسپریس 8، مارچ 2009ء)

مکرم کرامت اللہ ظفر صاحب

عزیزم سید عمران کے ساتھ کچھ یادیں

عزیزم سید عمران احمد شاہ صاحب ابن مکرم اعجاز احمد شاہ صاحب بعمر 21 سال ایک حادثہ میں 2 مارچ 2010 کو اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوگئے۔ عزیزم سید عمران محترم سید بشیر احمد شاہ صاحب آف پھگلہ حال دارالصدر غربی قمر کے پوتے تھے۔ اس خادم کے ساتھ ہم سے پہلا تعارف 12 نومبر 2009ء کو ہوا جب بطور معاون شعبہ تجنید (مجلس خدام الاحمدیہ مقامی) میں اپنے ایک دوست آفاق احمد صاحب کے ہمراہ آئے۔ اس نوجوان کے ساتھ گزرے دفتر خدام الاحمدیہ مقامی کے ایام کا کچھ تذکرہ کرنا مقصود ہے جو کہ خاموشی سے کام میں مگن گزرتے ہوئے ختم ہوگئے۔

یہ وہ دن تھے جب مجلس مقامی کے نئے سال کی عاملہ نے کام کا آغاز ایک دن قبل یعنی 11 نومبر کو کیا تھا اور ربوہ کی تجنید 10-2009ء کمپیوٹرائز ڈ اپ ڈیٹ ہونا تھی۔ ہمیں مکرم مہتمم صاحب مقامی کی طرف سے ایک ہفتے کا ٹارگٹ دیا گیا تھا کہ تجنید مکمل اپ ڈیٹ کر کے حلقہ جات میں بھجوائیں لیکن ہم نے یہ ٹارگٹ 5 دن میں حاصل کیا اور اس خدمت میں شامل خدام میں ایک عزیزم سید عمران تھے یہ پہلا موقع تھا کہ ہم نے اس نوجوان کے جوہر دیکھے ان آغاز کے ایام میں ہمیں مسلسل رات 4،4 بجے تک کام کرنا پڑا تھا اور ایک دن بھی ان کے ماتھے پر شکن نہیں دیکھی۔

خدام الاحمدیہ مقامی میں ان کی زندگی کے آخری چار ماہ خدمت میں گزرے ہیں ان ایام میں ان کا رویہ انتہائی مؤدبانہ رہا اور ہمیں کبھی بھی کسی قسم کی ان سے شکایت نہیں ہوئی بلکہ بعض اوقات اگر انہیں مجبوراً رخصت لینا ہوتی تو خود دفتر آکر بتا کر جاتے کہ مجھے آج یہ مجبوری ہے اس وجہ سے میں کام میں شامل نہیں ہو سکتا۔ کمپیوٹر پر چونکہ بعض اوقات خدام کے نام اردو اور انگریزی میں ٹائپ کرنا ہوتے ہیں آغاز میں انہیں تھوڑی مشکل پیش آئی لیکن بعد ازاں کام میں روانی ہوگئی تھی۔ انٹری میں کسی قسم کا کوئی ابہام ہوتا تو فوراً متعلقہ لوگوں سے مشورہ لیتے یا اگر کوئی موجود نہ ہوتا تو اس پر pending کا لفظ لکھ دیتے اور جب تک وہ ابہام دور نہ ہوتا انٹری مکمل نہ کرتے۔

انتہائی دیانت داری، وقت کی پابندی اور بے نفس وبے غرض خدمت جیسے اوصاف ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوئے تھے۔ کام سے رخصت کے حوالہ سے خاکسار ایک بات مزید ضبط تحریر میں لانا چاہتا ہے کہ ان چار ماہ میں ایک رخصت بھی بغیر بتائے نہیں کی حتیٰ کہ اپنے آخری سفر اسلام آباد کا بھی دفتر آکر ذکر کر کے گئے اور کہا کہ میں انشاء اللہ سات دن بعد دوبارہ حاضر ہوجاؤں گا رخصت کے وقت اس نوجوان کا رویہ ایسا مؤدبانہ ہوتا تھا کہ خود ہمیں شرمندگی ہوتی تھی کہ اس بے لوث خدمت سے رخصت کیلئے اتنی عاجزی یہ نوجوان انتہائی کم گو لیکن شائستہ طبیعت رکھتے تھے۔ ہم نے اپنے ساتھ گزرے ایام میں ان کو ہر وقت کام میں مگن ہی پایا اور کبھی بھی ان کے ذمہ لگائے گئے کام کو نامکمل نہیں چھوڑا بے شک کام کتنا ہی لمبا ہو، چاہے کتنی دیر لگ جائے اور چاہے ربوہ کے حلقہ جات میں راؤنڈ لگانے کا کام ہو ہر کام میں ان کو پوری طرح جان لڑاتے ہوئے پایا۔

اللہ تعالیٰ اس پیارے واقف نو نوجوان کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اس نے اپنی نوجوانی میں جو بھی خدمت کے کام کئے ہیں ان کو قبول فرمائے اور اس کے دادا، دادی، والدین، عزیز و اقارب اور بھائیوں کو صبر جمیل عطا فرمائے نیز عزیزم نے جو خدمت کے کام اپنی اس چھوٹی سی عمر میں کئے ہیں اس کے بھائی انہیں مزید اعلیٰ درجات تک کرنے کی توفیق پاویں۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 101934 میں

Ismail Olaniyi Adaraniju

ولد Imran قوم ...... پیشہ ٹیچنگ عمر 36 سال بیعت 1996ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-12-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/17500 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Ismail O Adaraniju گواہ شد نمبر Sheriff1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmed2

مسل نمبر 101935 میں Sukurat

زوجہ Idris قوم ...... پیشہ ٹریڈنگ عمر 38 سال بیعت 1994ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-01-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/25000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔Sukurat گواہ شد نمبر Nurullah1 گواہ شد نمبر 2 S.S.Ahmad

مسل نمبر 101936 میں Isiaka

ولد Idinye قوم ...... پیشہ مارکیٹنگ عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-12-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/56000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Isiaka گواہ شد نمبر 1 Hussain گواہ شد نمبر 2 S.S.Ahmad

مسل نمبر 101937 میں Ligali Olaitan

ولد Fasasi Gbadelu قوم ...... پیشہ ...... عمر 64 سال بیعت 1963ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-02-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/16900 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Ligali Olaitan گواہ شد نمبر 1 Alh T.O.Bakare گواہ شد نمبر Alh M.A.Ali2

مسل نمبر 101938 میں

Yakubu M.Dauda

ولد Mohd Dauda قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 13-08-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/16500 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Yakubu M Dauda گواہ شد نمبر Munawar A Tahir1 گواہ شد نمبر Isiaku2

مسل نمبر 101939 میں Maaruf

ولد Mudathir قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 20-03-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/15000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Maaruf گواہ شد نمبر A.Tahir1 گواہ شد نمبر 2 S.S.Ahmad

مسل نمبر 101940 میں Mustapha

ولد Ayamoele قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 56 سال بیعت 1976ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 26-02-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان برقبہ (50 × 130) واقع نائیجیریا اندازاً مالیتی اس وقت مجھے مبلغ-/40,000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Mustapha گواہ شد نمبر A.Tahir1 گواہ شد نمبر 2 S.S.Ahmad

مسل نمبر 101941 میں Ishaq Atoyebi

ولد Oladeji قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 58 سال بیعت 1979ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 01-03-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ واقع نائیجیریا اندازاً مالیتی -/200,000 نائیجیرین کرنسی (2) بلڈنگ وزمین واقع نائیجیریا اندازاً مالیتی اس وقت مجھے مبلغ-/12000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Ishaq Atoyebi گواہ شد نمبر A.Tahir1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101942 میں

Alhaji Salahuddin

ولد Sabitu قوم ...... پیشہ پنشنر عمر 76 سال بیعت 1979ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/15000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Alh Salahuddin گواہ شد نمبر A.Tahir1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101943 میں Abdul Azeez

ولد Salaudeen قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 47 سال بیعت 1979ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-08-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/55000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Abdul Azeez گواہ شد نمبر Dauda1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101944 میں

Dawood Akinwale

ولد I.Ashade قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-08-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/18000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔DAwoods Akinwale گواہ شد نمبر Dauda1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101945 میں Abdul Hamid

ولد Tijani قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 41 سال بیعت 1992ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 07-08-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/22000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Abdul Hamid گواہ شد نمبر M.A.Azeez1 گواہ شد نمبر Dauda2

مسل نمبر 101946 میں Tajudeen

ولد Idisa قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 43 سال بیعت 1980ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 15-10-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/19000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Tajudeen گواہ شد نمبر M.A.Azeez1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101947 میں Sharafudeen

ولد Sahu Owoyumi قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 04-08-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/14400 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Sharafu Deed گواہ شد نمبر A.Tahir1 گواہ شد نمبر S.S.Ahmad2

مسل نمبر 101948 میں

Dikko Taofeeq Oluwaseun

ولد J.A.Dikko قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 25 سال بیعت 2002ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 13-08-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ-/5000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔Dikko Taofeeq Oluwaseun گواہ

شدنمبر A.Tahir1 گواہ شدنمبر Syed Shahid Ahmad2

مسل نمبر 101849 میں

Musibau Adekola

ولد Akanmu قوم ...... پیشہ مکینک عمر 33 سال بیعت 1998ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-06-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10,000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت انکم مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Musibau Adekola گواہ شدنمبر A.Tahir1 گواہ شدنمبر 2 S.S.Ahmad

مسل نمبر 101950 میں

Alhaj Musibau Akanji

ولد Salman قوم ...... پیشہ ٹیچر عمر 72 سال بیعت 1962ء ساکن نائیجیریا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-10-09 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ -/10,000 نائیجیرین کرنسی ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ...... سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Alhaj Musibau Akanji گواہ شد نمبر S.S.Ahmad1 گواہ شدنمبر Hafiz Muslihu deen2

مسل نمبر 101951 میں تہمینہ رؤف

زوجہ عبدالرؤف قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد جنوبی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-01-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند مبلغ -/50,000 روپے (2) طلائی زیور وزنی 57 گرام اندازاً مالیتی -/153900 روپے (3) چاندی (ایک انگوٹھی) -/400 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ تہمینہ روف گواہ شدنمبر 1 منور احمد خان ولد میاں اللہ دتہ گواہ شدنمبر 2 سید احمد ولد خدا بخش

مسل نمبر 101952 میں نسیم اختر

زوجہ مبارک احمد باجوہ قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد جنوبی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-02-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور وزنی 7 گرام 380. 0 ملی گرام اندازاً مالیتی -/20641 روپے (2) رہائشی مکان برقبہ $4\frac{1}{2}$ مرلہ واقع ناصر آباد ربوہ اندازاً مالیتی -/1200,000 روپے (3) زرعی اراضی (ازترکہ خاوند) میں $\frac{1}{8}$ حصہ برقبہ ایک ایکٹر واقع چونڈہ اندازاً مالیتی -/600,000 روپے (4) نقد رقم مبلغ -/400,000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/9100 روپے ماہوار بصورت بہبود فنڈ + منافع بنک مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/1250 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نسیم اختر گواہ شد نمبر 1 منظور احمد باجوہ ولد مبارک احمد باجوہ گواہ شدنمبر 2 منصور احمد باجوہ ولد مبارک احمد باجوہ

مسل نمبر 101953 میں شریف احمد

